**11.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کونین حیدر

**Music**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے ملک میں گیارہ سال کے دوران بنیادی ڈھانچے کے انقلاب کو اُجاگر کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچے کے مستحکم ہونے سے رہن سہن میں سہولت اور خوشحالی کو فروغ حاصل ہورہاہے۔

☆ ملک کے شیئر بازاروں میں مارچ کے مہینے کے بعد سے تقریباً ایک ٹریلین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے، جو عالمی سطح پر چوٹی کی دس مارکیٹ میں سب سے زیادہ اضافہ ہے۔

☆ شمالی بھارت شدید گرمی کی گرفت میں ہے۔ پنجاب اور راجستھان کے کچھ حصوں میں درجۂ حرارت 47 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کرگیا ہے۔

☆ تائیوان نے سنگا پور کے پرچم بردار کارگو بحری جہاز کے عملے کے 18 اہلکاروں کو بچانے کے لیے بھارت کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆ ٹرمپ انتظامیہ نے امیگریشن کے معاملے پر چھاپے کی کارروائی کے تناظر میں انتشار کے بعد لاس اینجلس میں محدود کرفیو نافذ کردیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں آج لارڈس کے میدان پر عالمی ٹسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے درمیان مقابلہ شروع ہورہا ہے۔x

.........................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Infrastructure**

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہا ہے کہ نئے سلسلے کے بنیادی ڈھانچے کے لیے بھارت جو اقدامات کررہا ہے، اُس کے پیچھے پائیدار اور ٹھوس کارکردگی اور طویل مدتی نظریہ کارفرما ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس سے ایک خود کفیل بھارت کی بنیاد پڑ رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انفرا انقلاب کے گیارہ سال کے دوران جدید طرز کا بنیادی ڈھانچہ شامل کیا گیاہے، جس سے بھارت کے ترقی کے سفر کو تقویت ملی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ریلویز سے لے کر شاہراہوں تک، بندرگاہوں سے لے کر ہوائی اڈوں تک، بھارت کے تیزی کے ساتھ وسعت پاتے ہوئے بنیادی ڈھانچے کے نیٹ ورک سے رَہن سہن میں سہولت کو فروغ حاصل ہورہا ہے اور خوشحالی بھی بڑھ رہی ہے۔x
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Shah Infra Revolution**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی سرکار نے اِنفرا انقلاب کے **11** سال میں ایک کے بعد انجینئرنگ کا شاہکار ملک کو دے کر بھارت کی تعمیر نو کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کے نئے بنائے گئے جدید طرز کے پروجیکٹوں کے ذریعے لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لاکر ملک کے اتحاد کو مستحکم بنایا گیا ہے اور تیز رفتار کے ساتھ بڑے پیمانے پر تجارت اور کامرس میں سہولت پیدا کی گئی ہے، جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔**x**

**PM Kabir Das**

وزیراعظم نریندرمودی نے آج عظیم شاعر اور سماجی مصلح سنت کبیر داس کے یوم پیدائش پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا، جنھوں نے اپنی زندگی سماجی ہم آہنگی کے لیے وقف کردی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اُن کے دوہوں میں الفاظ کی سادگی اور جذبات کی گہرائی ہے، جس کی وجہ سے بھارتی عوام پر اُن کا گہرا اثر ہے۔

**BYTE- PM**

**India Adds $1 Trillion In Market Cap**

ملک کے شیئر بازاروں میں فہرست بند کمپنیوں میں اِس سال مارچ کے مہینے کے سے اب تک ایک ٹریلین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ سال اکتوبر اور اِس سال فروری کے درمیان پانچ مہینے کے عرصے کے دوران اصلاحی اقدامات کے تناظر میں یہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ فیصد کے اعتبار سے مارکیٹ **Cap** میں **21** فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے، جو دنیا کی اول دَس **Equity** مارکیٹس میں سب سے زیادہ اضافہ ہے۔ امریکہ، چین، جاپان اور ہانگ کانگ کے بعد بھارت سردست عالمی سطح پر پانچویں سب سے بڑی مارکیٹ ہے۔ اِس عرصے کے دوران بھارت کے شیئر بازاروں کے اشاریوں میں اضافہ ہوا۔ اِس طرح **Sensex** میں ساڑھے **12** فیصد اور نفٹی میں ساڑھے **13** فیصد کا اضافہ دیکھنے میں آیا۔ **x**

**PM- Odisha Visit**

وزیراعظم نریندر مودی، اڈیشہ میں **BJP** کی حکومت پہلی بار بننے کی پہلی سالگرہ کے موقع پر، ایک شاندار عوامی تقریب میں شرکت کیلئے اس مہینے کی **20** تاریخ کو ریاست پہنچیں گے۔ ریاست کی راجدھانی بھونیشور میں جنتا میدان کے مقام پر بڑے جشن کا انعقاد ہوگا۔ اڈیشہ حکومت نے اس اعلیٰ سطحی تقریب کے انعقاد کیلئے اڈیشہ انتظامیہ سروس (**OAS**) کے **60** اہلکاروں کو تعینات کیا ہے۔×

**Axiom 4 Postponed**

**Axiom-4** مشن کو، پرپلشن نظام میں رقیق آکسیجن کے رساؤ کی وجہ سے ایک بار پھر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اِس مشن میں بھارتی خلا نورد شُبھانشو شکلا کو خلا میں بھیجا جانا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اسرو کے چیئرمین وی نارائن نے کہا کہ **Hot Test** کے دوران پرپلشن نظام میں رساؤ کا پتہ چلا، جو کہ لانچ پیڈ پر کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر نارائن نے کہا کہ اس معاملے پر اسرو کی ٹیم کے **Axiom** اور **SpaceX** کے ماہرین کے ساتھ تبادلۂ خیال کی بنیاد پر فیصلہ کیا گیا کہ رساؤ کو درست کیا جائے اور لانچ کی منظوری سے پہلے ضروری درستگی سے متعلق ٹیسٹ کیا جائے۔ **Axiom-4** مشن کو اب امریکہ میں ناسا کے کینیڈی خلائی مرکز سے بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے بھیجا جائے گا۔ ×

**India Top 10 Global Investment**

زمین اور ترقیاتی مقامات کے تعلق سے عالمی سطح پر بھارت سرمایہ کاری کے لیے چوٹی کے دَس ملکوں میں شامل ہے۔ **Colliers** کی ایک رپورٹ میں یہ بات کہی گئی ہے۔ بھارت ایشیاء بحرالکاہل خطے میں سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم ملک کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ اِس میں مضبوط

بنیادی عوامل، ایک مستحکم Real estate مارکیٹ اور زمینی اور ترقیاتی اثاثوں میں بڑھتے ہوئے فائدے کا اہم رول ہے۔ ساز گار پالیسی اقدامات اور بنیادی ڈھانچے کو لگاتار بہتر بنانے سے سرمایہ کاری کے ماحول میں مزید بہتری آئی ہے اور عالمی اور علاقائی سرمایہ کاری کے لیے بھارت کے موقف کو تقویت ملی ہے۔ x

## Special Feature

بھارت میں ایک دہائی کے دوران شاندار تبدیلی رونما ہوئی ہے اور اسے سیوا، سوشاسن اور غریب کلیان کے اصولوں سے تحریک ملی ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ مختلف اہم شعبوں میں پچھلے گیارہ سال کے دوران حکومت کی کوششوں پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔

آج ہم بھارت کے نقل وحمل کے بنیادی ڈھانچے میں ہونے والی یکسر تبدیلی کے بارے میں بات کررہے ہیں۔

*پیش ہے ایک رپورٹ۔*

گزشتہ دہائی کے دوران بھارت میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں غیر معمولی اضافے کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔ شاہراہوں کی تعمیر 34 کلو میٹر یومیہ اوسط تک پہنچ گئی ہے، جو اب تک کی سب سے زیادہ اوسط ہے اور 2014 کے مقابلے تقریباً تین گنا تیزی کو ظاہر کرتی ہے۔ بھارت مالا پریوجنا کے تحت اقتصادی راہ داریاں تیار کرنے اور لاجسٹکس اخراجات کو کم کرنے کی خاطر 20 ہزار کلو میٹر سے زیادہ شاہراہیں تعمیر کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ دیہی کنکٹی وٹی 99 فیصد ہوگئی ہے اور پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت 2014 سے 7 اعشاریہ 8 لاکھ کلو میٹر سڑک تعمیر کی جاچکی ہے۔ PM گتی شکتی قومی ماسٹر پلان نے مشترکہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے GIS پر مبنی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر 44 وزارتوں اور 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مربوط کیاہے۔ریلوے کے شعبے میں بھی 45 ہزار کلو میٹر سے زیادہ ریلوے لائن کی برق کاری کی جاچکی ہے اور 68 وندے بھارت ایکسپریس ٹرین تیار کی گئی ہیں، جو 333 ضلعوں کو جوڑتی ہیں۔امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت 1300 سے زیادہ ریلوے اسٹیشنوں کی جدید کاری کی گئی ہے۔ہوا بازی کے شعبے میں اُڑان اسکیم کے تحت 88 ہوائی اڈے شروع کئے گئے ہیں۔ 23 شہروں کو میٹرو ریل کنکٹی وٹی سے جوڑا گیا ہے۔ ساگر مالا پروگرام کے تحت بندرگاہوں سے متعلق 277 پروجیکٹ مکمل کئے گئے ہیں۔ مجسمۂ اتحاد، دنیا کا بلند ترین چناب ریلوے برج اور دنیا کی سب سے طویل اَٹل ٹنل بھارت کی انجینئرنگ کی شاندار مثالیں ہیں۔

## Sanjya JHa Delegation

JDU کے ممبر پارلیمنٹ سنجے جھا نے، جنھوں نے پانچ ملکوں کے دورے میں کُل جماعتی وفد کی قیادت کی تھی، کہا ہے کہ وفد نے آپریشن سندور کے تناظر میں پاکستان کی شہ پر ہونے والی دہشت گردی کے خلاف بھارت کے مضبوط موقف کے بارے میں مؤثر انداز سے واقف کرایا۔

انھوں نے کہا کہ وفد نے انڈونیشیا، ملیشیا، جنوبی کوریا، جاپان اور سنگاپور کا دورہ کیا۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب سنجے جھا نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کے ساتھ اُن کی ملاقات کے دوران وفد کے ارکان نے اپنے تجربات سے انہیں واقف کرایا اور اِس دورے میں انہیں جو جانکاری حاصل ہوئی، اُس کے تعلق سے ایک رپورٹ پیش کی۔

**BYTE- Sanjay Jha**

## Rajasthan Accident

راجستھان میں آج صبح جے پور کے نزدیک Jamwa Ramgarh کے مقام پر ایک سڑک حادثے میں پانچ افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 7 زخمی ہوئے۔ اِن میں سے چار کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ دوسہ -منوہر پور شاہراہ پر Raisar تھانے کے تحت آنے والے علاقے میں ایک Container ٹرک اور ایک کار کے آمنے سامنے ٹکرانے سے یہ حادثہ پیش آیا۔ اس کار میں نئے شادی شدہ ایک شخص اپنی اہلیہ اور اپنے ارکان خاندان کے ساتھ جارہے تھے، جو موقع پر ہی چل بسے۔x

**Daid**

آکاشوانی کے سابق اردو نیوز ریڈر سلیم اختر کا آج نئی دلّی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 76 سال کے تھے اور کچھ عرصے سے بیمار تھے۔ سلیم اختر آکاشوانی کے خبروں کے شعبے کے اردو یونٹ سے تقریباً 25 سال تک وابستہ رہے۔x

**IMD**

شمالی بھارت کے بیشتر حصوں میں شدید گرمی پڑ رہی ہے اور درجۂ حرارت نارمل سے اوپر چل رہا ہے۔ پنجاب میں بھٹنڈہ میں درجۂ حرارت 47 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا، جبکہ راجستھان میں گنگا نگر میں یہ 47 اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق راجستھان، ہریانہ، دلّی، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، مدھیہ پردیش، پنجاب اور اترپردیش میں شدید گرمی کا سلسلہ اگلے تین دن تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔x

**J&K Heatwave**

جموں وکشمیر میں کَل جموں خطے میں پارہ معمول سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ خطے کے کچھ حصوں میں دِن کا درجۂ حرارت 44 ڈگری سیلسیس سے بھی تجاوز کرگیا۔ ہمارے جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ شدید گرمی سے روز مرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔

اُدھر کشمیر ڈویژن میں بھی سری نگر میں درجۂ حرارت نارمل سے زیادہ چل رہا ہے۔ وہاں یہ 33 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا، جو نارمل سے پانچ ڈگری زیادہ ہے۔ x

**Taiwan Thanks India For**

تائیوان نے سنگاپور کے پرچم بردار کارگو بحری جہاز کے عملے کے 18 اہلکاروں کو بچانے کے لیے بھارت کا شکریہ ادا کیا ہے۔ حال ہی میں کیرالہ ساحل سے کوئی 70 بحری میل دور اِس میں آگ لگ گئی تھی۔ بھارتی بحریہ کے ترجمان کے مطابق اِس بحری جہاز کے اندرونی Container میں دھماکے کے بعد آگ لگ گئی تھی۔ پیر کے روز بھارتی بحریہ نے کوسٹ گارڈ کے ساتھ تال میل کرکے تلاش اور بچاؤ کی کارروائی انجام دی تھی۔ x

**Curfew Imposed**

کیلیفورنیا کے شہر لاس اینجلس کے کئی علاقوں میں کَل سے محدود کرفیو نافذ کردیا گیا۔ یہ کرفیو ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے تارکین وطن کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں ہونے والی کئی جھڑپوں کے بعد نافذ کیا گیا ہے۔ میئر Karen Bass نے کہا کہ لاس اینجلس شہر میں وفاقی نفاذ قانون کی کارروائیوں کے نتیجے میں تشدد، آتش زنی اور لوٹ مار کے واقعات میں اضافہ ہوا۔ یہ کرفیو شام 8 بجے سے صبح 6 بجے تک نافذ رہے گا۔ میئر Bass نے یہ واضح کیا کہ اس علاقے میں رہائش پذیر اور کام کرنے والے لوگوں کو کرفیو میں چھوٹ دی جائے گی۔x

**WTC Final 2025**

کرکٹ میں آج لندن میں لارڈس کے میدان پر عالمی ٹسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے درمیان مقابلہ شروع ہورہا ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے 3 بجے شروع ہوگا۔ اِس میں آسٹریلیا کی ٹیم اپنے ٹائٹل کا دفاع کرنے کی کوشش کرے گی۔ آسٹریلیا لگاتار دوسری بار ورلڈ ٹسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں کھیل رہا ہے، جبکہ جنوبی افریقہ کی ٹیم پہلی مرتبہ فائنل میں کھیل رہی ہے۔x

**J&K Road Project**

مرکزی حکومت نے، پردھان منتری گرام سڑک یوجنا- 4 (PMGSY-4) کے تحت 250 سے زائد کی آبادی والی 390 اہل بستیوں تک کنکٹی وٹی فراہم کرنے کیلئے، جموں وکشمیر کیلئے 316 سڑک پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے، جن کی لاگت کا تخمینہ 4 ہزار 224 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔آ کاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ مالی سال 2024-25 سے 2028-29 کے دوران PMGSY-4 کے نفاذ کو ستمبر 2024 میں مرکزی کابینہ کی طرف سے منظوری دی گئی تھی۔ قابل ذکر ہے کہ PMGSY-4 کے تحت ایک ہزار 781 کلومیٹر لمبی سڑک کیلئے پروجیکٹ کو منظور ملنے کے پیش نظر جموں وکشمیر تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ایسی پہلی ریاست ہے، جسے یہ پروجیکٹ ملا ہے۔

PMGSY-4 کے تحت جموں وکشمیر کو ملنے والا یہ سب سے زیادہ لاگت والا پروجیکٹ ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایکس پر اس خبر کا اشتراک کیا اور ساتھ ہی وزیراعظم نریندر مودی اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کا شکریہ ادا کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆